دعوت اسلامی کے حوالے سے اہم مکتوب

از

مصلح اُمت حضرت علامہ مولانا محمد عبدالمبین نعمانی قادری مدظلہ العالی

مولانا عبدالمبین نعمانی قادری کا یہ مکتوب ماہنامہ اشرفیہ،مبارکپور،انڈیا مارچ 2011 سے لیا گیا ہے

مکرمی ....سلام مسنون

عیسوی سال کے آخری مہینے دسمبر اور اسلامی سال کے آغاز ماہ محرم الحرام شریف ۱۴۳۲ھ کے ماہ نامہ اشرفیہ مبارک پور نے گوشۂ امام احمد رضا شائع کر کے بڑا اہم اور سبق آموز کام انجام دیا ہے۔ یہ اگرچہ مختصر ہے، اسے کچھ اور ضخیم ہونا چاہیے تھا، لیکن جو ہے بڑا کارآمد اور مفید ہے۔ "اداریے" میں مدیر محترم مولانا مبارک حسین مصباحی نے سرکار اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی کے بڑے قیمتی ارشادات وافادات قلم بند کر دیے ہیں۔ حقیقت میں یہی مسلکِ اعلیٰ حضرت ہے جس پر تمام اہلِ سنت کو سختی سے عمل کرنا چاہیے اور ہر معاملے میں حدِ اعتدال کا بھر پور لحاظ رکھنا چاہیے۔ اور « الدین النصح لکل مسلم »(دین ہر مسلمان کے ساتھ بھلائی کا نام ہے) کو بہر صورت مدنظر رکھنا چاہیے، مدیر محترم سے اگر کسی کو اختلاف ہو تو ہو لیکن امامِ اہلِ سنت کے فرمودات سے کسے اختلاف کی گنجائش ہے۔ موصوف نے کئی ارشادات مختصراً نقل کیے ہیں، جن میں ایک نہایت جامع ارشاد یہ بھی ہے جو بطور خاص توجہ کا طالب ہے۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ ارشاد فرماتے ہیں:

تکفیر اہل قبلہ واصحاب کلمہ طیبہ میں جرأت و جسارت محض جہالت بلکہ سخت آفت، جس میں وبالِ عظیم ونکال کا صریح اندیشہ۔ والعیاذ باللہ رب العلمین، فرض قطعی ہے کہ اہل کلمہ کے ہر قول وفعل کو اگرچہ بظاہر کیسا ہی شنیع وفظیع ہو، حتی الامکان کفر سے بچائیں، اگر کوئی ضعیف سے ضعیف، نحیف سے نحیف تاویل پیدا ہو جس کی رُو سے حکمِ اسلام نکل سکتا ہو تو اسی کی طرف جائیں، اور اس کے سوا اگر ہزار احتمال جانبِ کفر جاتے ہوں خیال میں نہ لائیں۔

حدیث میں ہے، حضور سیّدالعالمین ﷺ فرماتے ہیں:

الاسلام یعلو ولا یعلی۔ اسلام غالب رہتا ہے مغلوب نہیں ہوتا۔ (اخرجه الرؤیانی والدارقطنی والبیهقی والضیاء فی المختارة والخلیل کلهم عن عائذ بن عمرو والمزنی رضی

اللہ تعالٰی عنہ)

احتمالِ اسلام چھوڑ کر احتمالاتِ کفر کی طرف جانے والے اسلام کو مغلوب اور کفر کو غالب کرتے ہیں۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔

حدیث ۲: فرماتے ہیں ﷺ:

کفوا اعن اھل لاالٰہ الا اللہ لا تکفروھم بذنب فمن اکفر اھل لاالٰہ الا اللہ فھو الی الکفر اقرب۔

لاالٰہ الا اللہ کہنے والوں سے زبان روکو، انھیں کسی گناہ پر کافر نہ کہو۔ لاالٰہ الا اللہ کہنے والوں کو جو کافر کہے وُہ خود کفر سے نزدیک تر۔ (رواہ الطبرانی فی الکبیر بسند حسن عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما۔)

حدیث ۳: کہ فرماتے ہیں ﷺ: ثلث من اصل الایمان الکف عمن قال لاالٰہ الا اللہ ولا یکفر بذنب ولا یخرجہ من الاسلام بعمل۔

تین باتیں اصل ایمان میں داخل ہیں، لاالٰہ الا اللہ کہنے والے سے باز رہنا اور اسے گناہ کے سبب کافر نہ کہا جائے اور کسی عمل پر اسلام سے خارج نہ کہیں۔ (رواہ ابو داؤد عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ)

حدیث ۴: فرماتے ہیں ﷺ: لا تکفروا احدا من اھل القبلۃ۔ اہلِ قبلہ میں سے کسی کو کافر نہ کہو (رواہ العقیلی عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالٰی عنہ)

(فتاوٰی رضویہ، ج:۵، ص: ۵۹۵، ۵۹۶، رضا اکیڈمی ممبئی)

آج کل بعض حضرات اہل سنت و جماعت کی ایک عالمی تنظیم تحریک دعوتِ اسلامی اور اس کے امیر کے بارے میں مسلک کے تعلق سے شبہات پیدا کر رہے ہیں۔ اس لیے ہم یہاں مسلکِ اعلیٰ حضرت کے تعلق سے امیر دعوتِ اسلامی کا ایک وضاحتی بیان نقل کرتے ہیں۔

امیر دعوتِ اسلامی کا ایک وضاحتی بیان: اعلیٰ حضرت، امام اہلِ سنت، عظیم البرکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رسالت، مجدد دین وملت، امام عشق ومحبت، پیرطریقت، ولی نعمت، عالمِ شریعت، حامیِ سنت، قامعِ بدعت، امام احمد رضا خاں علیہ رحمۃ الرحمٰن کا دنیائے اسلام پر عظیم احسان ہے کہ انھوں نے الحاد و بے دینی کے امنڈتے ہوئے سیلاب میں غرق ہونے سے ملتِ اسلامیہ کو بچایا اور کفر و ارتداد کے ایمان سوز فتنوں کی آندھی کے سامنے سینہ سپر ہو کر آہنی و مستحکم قلعہ کی طرح مقابل ہو کر امتِ مسلمہ کے ایمان وعمل کا تحفظ کیا، اور اپنی خداداد صلاحیتوں سے ہر فتنہ کا سدِ باب فرمایا۔

الحمد للہ عزوجل تبلیغِ قرآن وسنت کی عالم گیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی، مجدد اعظم امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان کے عظیم مشن کے ترجمان کی حیثیت سے ملتِ اسلامیہ کے ایمان کے تحفظ واصلاح اعمال کے لیے سرگرم ہے۔

میں دعوتِ اسلامی کے جملہ نگراں، قافلہ نگراں، قافلہ ذمہ داران، مبلغین، معلمین اور تمام اسلامی بھائیوں کو تاکید کرتا ہوں کہ

[۱] ہر اسلامی بھائی مجدد اعظم امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ کے مسلک جو کہ عین قرآن وسنت کے مطابق ہے کی نشر و اشاعت کو اپنا نصب العین بنائے اور اسی کو اپنے اصلاحی کام کا مقصدِ اصلی بنائے۔

[۲] مسلکِ اعلیٰ حضرت جو قطعاً قرآن وسنت کے مطابق ہی ہے اور مذہب مہذب اہلِ سنت وجماعت کی صحیح پہچان وعلامت بھی ہے، اور یہ مسلکِ حق میرے آقا اعلیٰ حضرت کی قرآن وسنت کی عکاس تصانیف جلیلہ سے واضح ہے اور کتاب مستطاب «حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین» اور «الصوارم الهندیه» میں اس کی عکاسی موجود ہے۔ ان تمام کتابوں کی تصدیق کرنا اوران پر تصلب کے ساتھ عمل کرنا دعوتِ اسلامی کے ہر مبلغ پر لازمی وضروری ہے۔

واضح رہے کہ حسام الحرمین سرکار اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری محدث بریلوی قدس سرہٗ کی تصنیف ہے جب کہ الصوارم الہندیہ شیر بیشۂ اہلِ سنت سلطان المناظرین حضرت علامہ مفتی محمد حشمت علی خاں لکھنوی ثم پیلی بھیتی علیہ الرحمۃ والرضوان کی کتاب نایاب ہے۔ فقط

محمد عبد المبین نعمانی قادری، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور